## حکومت سے علیحدگی کا فیصلہ نہ کریں، الطاف حسین کی نواز شریف سے اپیل

## ملک انتہائی نازک صورتحال سے گزر رہا ہے، جذبات کے بجائے پاکستان کو بچانے کی کوشش کی جائے

لندن۔۔۔12 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلم لیگ ن کے سربراہ میاں نواز شریف سے پرزور اپیل کی ہے کہ خدارا وہ اور انکے ساتھی مخلوط حکومت سے علیحدگی کا فیصلہ نہ کریں۔ اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ اس وقت ملک انتہائی نازک صورتحال سے گزر رہا ہے، ایک طرف اندرونی و بیرونی خطرات ملک پر منڈلا رہے ہیں تو دوسری طرف ملک معاشی طور پر سنگین بحران کا شکار ہے اور عام آدمی بھوکوں مر رہا ہے لہٰذا اس سنگین صورتحال کے پیش نظر نواز شریف اور انکے ساتھی کچھ دو اور کچھ لو کی پالیسی پر عمل کرتے ہوئے ججوں کی بحالی کے مسئلہ سمیت تمام مسائل حل کریں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اگر ہم نے اس وقت دانشمندی، سیاسی بصیرت اور حکمت عملی سے اتحاد کا مظاہرہ نہ کیا تو بیرونی قوتیں اس صورتحال سے وہ فائدہ اٹھا سکتی ہیں جس کا تصور شاید کوئی نہ کر سکے۔ لہٰذا جذبات کے بجائے پاکستان کو بچانے کی کوشش کی جائے اور مل جل کر تمام اندرونی بیرونی خطرات کا مقابلہ کیا جائے۔

## سرفراز احمد صدیقی کے بہنوئی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔12 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے رکن سرفراز احمد صدیقی کے بہنوئی محمد جمال خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## سرفراز احمد صدیقی کے بہنوئی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔12 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے رکن سرفراز احمد صدیقی کے بہنوئی محمد جمال خان کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## متحدہ قومی موومنٹ کے تحت سانحہ 12 مئی کے شہداء کی پہلی برسی منائی گئیں

## لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع

## اجتماع میں رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، سینیٹرز، اراکین اسمبلی، ٹاؤن ناظمین اور ایم کیو ایم کے کارکنان کی شرکت

کراچی۔۔۔12 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام سانحہ 12 مئی 2007ء میں شہید ہونیوالے متحدہ قومی موومنٹ کے 14 کارکنان سمیت دیگر افراد کی پہلی برسی انتہائی عقیدت واحترام سے منائی گئی اور شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق متحدہ قومی موومنٹ کے تحت سانحہ 12 مئی میں شہید ہونیوالے متحدہ قومی موومنٹ کے کارکنان رضوان شمیم شہید ولد شمیم اللہ، بابر چنگیزی شہید ولد جمیل خان، عمر رحمان شہید ولد گل فراز، سید خان شہید ولد قادر خان، ارشاد خان ملنگ شہید ولد عبدالملوک، جہانزیب شہید ولد افتخار خان، شہباز خان شہید ولد غلام مصطفیٰ، اسلم پرویز شہید ولد حبیب، محمد غلام سرور شہید ولد یار محمد، یحییٰ رحمان شہید ولد درویش خان، عبدالغفور شہید ولد عبدالحمید، منصور احمد شہید ولد سعید احمد، راجہ محمد الطاف شہید ولد نور اللہ اور شہید محمد اشرف سمیت دیگر جاں بحق ہونے والے افراد کی پہلی برسی کے سلسلے میں ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اور تمام شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ اجتماع میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی

کنوینرز ڈاکٹر محمد فاروق ستار، رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، سید شعیب احمد بخاری، عادل صدیقی، وسیم آفتاب، نیک محمد، اشفاق منگی، شکیل عمر، ڈاکٹر نصرت، ڈاکٹر عاصم رضا، شاہد لطیف، محترمہ خورشید افسر، آنسہ ممتاز انوار، حق پرست صوبائی وزراء، سینیٹرز، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، سابق حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ونائب ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، کونسلرز، شعبہ خواتین، ایلڈرز ونگ، لیبر ڈویژن، کراچی تنظیمی کمیٹی، پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی، کراچی مضافاتی کمیٹی، اقلیتی امور کمیٹی، لیگل ایڈ ومیڈیکل ایڈ کمیٹی، اے پی ایم ایس او، الیکشن سیل اور شعبہ اطلاعات سمیت ایم کیوایم کے تمام ونگز وشعبہ جات کے ارکان، کراچی کے سیکٹروں اور یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ایم کیوایم کے ہمدردوں اور شہداء کے عزیز واقارب نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔ بعدازاں اجتماعی دعا ہوئی جس میں 12 مئی کے شہداء سمیت ایم کیوایم کے تمام حق پرست شہداء کی مغفرت، ان کے بلند درجات، شہداء کے لواحقین کیلئے صبر جمیل، ایم کیوایم کے خلاف جاری سازشوں کے خاتمے، ملک کی ترقی وخوشحالی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی اور درازی عمر کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ واضح رہے کہ 12 مئی 2007ء کو شاہراہ فیصل کے مقام پر ایم کیوایم کی پرامن ریلی پر مسلح دہشت گردوں نے حملہ کردیا تھا جس کے نتیجے میں ایم کیوایم کے 14 کارکنان شہید جبکہ متعدد کارکنان شدید زخمی ہوگئے تھے۔

## پی ٹی سی ایل کی متعصب انتظامیہ کی جانب سے محنت کشوں سے جبری مشقت لینے کے غیر قانونی اقدام کا نوٹس لیا جائے، لیبر ڈویژن

کراچی۔۔۔12 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے انچارج واراکین نے پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن ڈیپارٹمنٹ کی انتظامیہ کی جانب سے وارنٹی سرپیریشن (V.S.S.) اسکیم اور ملازمین کو پیکج کے تحت ریٹائرڈ کرنے بعد برسر روزگار ملازمین سے ڈبل ڈیوٹی لینے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس اقدام کو ملازمین کے ساتھ کھلی ناانصافی اور لیبر قوانین کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں لیبر ڈویژن کی کوآرڈی نیشن کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ یہ امر قابل افسوس ہی نہیں بلکہ انتہائی شرمناک ہے جس سے ملازمین میں بے چینی پائی جارہی ہے جبکہ آٹھ گھنٹے کے بجائے سولہ گھنٹے کی ڈبل ڈیوٹی سے ادارے کے ملازمین ذہنی تناؤ کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک جانب ملازمین سے آٹھ گھنٹے کے بجائے جبراً سولہ گھنٹے کی اضافی ڈیوٹی لی جارہی ہے جبکہ دوسری جانب ملازمین کو اوورٹائم بھی نہیں دیا جارہا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی سی ایل انتظامیہ کی جانب سے ملازمین سے جبری مشقت لینے کا عمل غیر قانونی اور ملازمین کے ساتھ امتیازی سلوک ہے جس کے باعث ملازمین میں شدید غم وغصہ پایا جارہا ہے اور وہ انتظامیہ کے خلاف احتجاج کا آئینی اور قانونی حق محفوظ رکھتے ہیں۔ لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے انچارج واراکین نے صدر پرویز مشرف، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور متعلقہ اعلیٰ احکام سے مطالبہ کیا ہے کہ پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن لمیٹیڈ کی متعصب انتظامیہ کے جبری مشقت لینے کے غیر قانونی اقدام کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور پاکستان لیبر قوانین کے تحت پی ٹی سی ایل انتظامیہ کی جانب سے خلاف سخت قانونی کارروائی کرتے ہوئے ملازمین کو ان کا جائز حق دلایا جائے۔

## ایم کیوایم شعبہ خواتین برنس روڈ سیکٹر کی کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔12 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شعبہ خواتین برنس روڈ سیکٹر یونٹ 35 کی کارکن محترمہ شہناز کی ہمشیرہ محترمہ نعیمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ دریں اثناء ایم کیوایم شعبہ خواتین کی کوآرڈینیشن کمیٹی کی اراکین نے بھی محترمہ شہناز کی ہمشیرہ محترمہ نعیمہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے

## انسانی حقوق کی نام نہاد تنظیمیں بے بس ولاچار خواتین کی مجبوریوں سے ناجائز فائدہ اٹھارہی ہیں، انیس ایڈوکیٹ

## ایم کیوایم ثبوت وشواہد کے ساتھ انسانی حقوق کی عالمی تنظیموں کوانسانی حقوق کی نام نہاد تنظیموں کے فعل قبیح سے آگاہ کرے گی

## ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کی جانب سے سندھ کے شہری عوام کے بنیادی

## انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں پر کبھی صدائے احتجاج بلند نہیں کی

لندن۔۔۔12مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے نگراں، سابق رکن قومی اسمبلی اور سینئر قانون داں انیس ایڈوکیٹ نے انسانی حقوق کی تنظیموں کی جانب سے ایم کیوایم پر سانحہ 12مئی کے حوالہ سے بہتان تراشی پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ انسانی حقوق کی نام نہاد تنظیمیں انسانی حقوق کی آڑ میں بے بس ولاچار خواتین کی مجبوریوں سے ناجائز فائدہ اٹھارہی ہیں۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ماضی میں ایم کیوایم کو کچلنے اوراسے صفحۂ ہستی سے مٹانے کیلئے اسٹیبلشمنٹ کی جانب سے کراچی، حیدرآباد اور اندرون سندھ میں لسانی فسادات میں متعدد بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلایا گیا اور ایم کیوایم کے خلاف فوجی آپریشن کے دوران ایم کیوایم کے 15، ہزار سے زائد کارکنان کو ماورائے عدالت قتل کردیا گیا لیکن ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کی جانب سے سندھ کے شہری عوام کے بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں پر کبھی صدائے احتجاج بلند نہیں کی جس سے یہ حقیقت کھل کر واضح ہوچکی ہے کہ ہومین رائٹس کمیشن آف پاکستان شاؤنسٹ ذہنیت رکھنے والے افراد پر مشتمل ہے۔انیس ایڈوکیٹ نے کہا کہ انسانی حقوق کی نام نہاد تنظیمیں خواتین کے حقوق کی آڑ میں مجبور و بے کس خواتین کی مجبوریوں کا ناجائز فائدہ اٹھاتی رہی ہیں اور ایم کیوایم ثبوت وشواہد کے ساتھ انسانی حقوق کی عالمی تنظیموں کو انسانی حقوق کمیشن آف پاکستان کے گھناؤنے کردار سے آگاہ کرے گی۔انیس ایڈوکیٹ نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ خواتین کے حقوق کی آڑ میں مجبور ولاچار خواتین کی مجبوریوں کا ناجائز فائدہ اٹھانے والی نام نہاد تنظیموں کا محاسبہ کرایا جائے اور انسانی حقوق کے نام پر چلنے والی تنظیموں کو ملنے والے فنڈز کا ہائی کورٹ کے ذریعے آڈٹ کرایا جائے۔

☆☆☆☆☆